# قرآن

## میں نماز کا طریقہ

1) **ذکرِ نماز:** **اے میرے پروردگار، مجھے نماز قائم کرنے والا بنا ... میری دعا قبول کر۔** (14:40)

**مکمل آیت:** اے میرے پروردگار، مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد سے بھی پروردگار، میری دعا قبول کر۔ (14:40)

2) **ذکرِ نماز:** **نماز قائم کرو۔** (2:43)

**مکمل آیت:** نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو، اور جو لوگ میرے آگے جھک رہے ہیں اُن کے ساتھ تم بھی جھک جاؤ۔ (2:43)

3) **ذکرِ نماز:** **...فاسق لوگ...** (9:53) **...نماز کے لیے آتے ہیں تو سستی سے آتے ہیں...** (9:54)

**مکمل آیت:** ان سے کہو " تم اپنے مال خواہ راضی خوشی خرچ کرو یا بکراہت، بہرحال وہ تم سے قبول نہ کیے جائیں گے۔ کیوں کہ تم فاسق لوگ ہو۔ (9:53)

ان کے دیے ہوئے مال قبول نہ ہونے کی کوئی وجہ اس کے سوا نہیں ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے کفر کیا ہے، نماز کے لیے آتے ہیں تو سستی سے آتے ہیں اور خرچ کرتے ہیں تو بادلِ ناخواستہ خرچ کرتے ہیں۔ (9:54)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

## وضو، جنابت کی حالت اور تیمم

4) **ذکرِ نماز:** **جب تم نماز کے لیے اُٹھو تو چاہیے کہ اپنے منہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھولو ، سروں پر مسح کر لو اور پاؤں ٹخنوں تک دھو لیا کرو** (5:6)

**مکمل آیت:** اے لوگو! جو ایمان لائے ہو ، جب تم نماز کے لیے اُٹھو تو چاہیے کہ اپنے منہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھولو ، سروں پر مسح کر لو اور پاؤں ٹخنوں تک دھو لیا کرو۔ اگر جنابت کی حالت میں ہو تو نہا کر پاک ہو جاؤ۔ اگر بیمار ہو یا سفر کی حالت میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص رفع حاجت کر کے آئے یا تم نے عورتوں کو ہاتھ لگایا ہو ، اور پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے کام لو ، بس اُس پر ہاتھ مار کر اپنے منہ اور ہاتھوں پر پھیر لیا کرو۔ اللہ تم پر زندگی کو تنگ نہیں کرنا چاہتا ، مگر وہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دے ، شاید کہ تم شکر گزار بنو۔ (5:6)

5) **ذکرِ نماز:** **. . . جنابت کی حالت میں ہو تو نہا کر پاک ہو جاؤ . . .** (5:6) (4:43)

**مکمل آیت:** اے لوگو! جو ایمان لائے ہو ، جب تم نشے کی حالت میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ۔ نماز اُس وقت پڑھنی چاہیے جب تم جانو کہ کیا کہہ رہے ہو۔ اور اسی طرح جنابت کی حالت میں بھی نماز کے قریب نہ جاؤ جب تک کہ غُسل نہ کر لو ، اِلّا یہ کہ راستہ سے گزرتے ہو۔ اور اگر کبھی ایسا ہو کہ تم بیمار ہو ، یا سفر میں ہو ، یا تم میں سے کوئی شخص رفع حاجت کر کے آئے ، یا تم نے عورتوں سے لمس کیا ہو ، اور پھر پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے کام لو اور اس سے اپنے چہروں اور ہاتھوں پر مسح کر لو ، بے شک اللہ نرمی سے کام لینے والا اور بخشش فرمانے والا ہے۔ (4:43)

6) **ذکرِ نماز:** **. . . پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے کام لو . . .** (5:6) (4:43)

7) **ذکرِ نماز:** **(اللہ کا احترام) میں ہی تیرا رب ہوں ، جوتیاں اتار دے . . .** (20:12)

**مکمل آیت:** میں ہی تیرا رب ہوں ، جوتیاں اتار دے۔ تو وادی مقدس طویٰ میں ہے۔ (20:12)

## قبلہ: خانہ کعبہ

8) **ذکرِ نماز:** **(خانہ کعبہ) کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرو** (2:144)

**مکمل آیت:** اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ، یہ تمہارے منہ کا بار بار آسمان کی طرف اُٹھنا ہم دیکھ رہے ہیں۔ لو ، ہم اُسی قبلے کی طرف تمہیں پھیرے دیتے ہیں جسے تم پسند کرتے ہو۔ مسجدِ حرام کی طرف رُخ پھیر دو۔ اب جہاں کہیں تم ہو ، اُسی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرو۔ یہ لوگ جنہیں کتاب دی گئی تھی ، خوب جانتے ہیں کہ یہ حکم اُن کے رب ہی کی طرف سے ہے اور برحق ہے ، مگر اس کے باوجود جو کچھ یہ کر رہے ہیں ، اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔ (2:144)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

**قبلہ: خانہ کعبہ**

9) **ذکرِ نماز:** **...وہیں سے اپنا رُخ مسجدِ حرام کی طرف پھیر دو ، کیونکہ یہ تمہارے ربّ کا بالکل برحق فیصلہ ہے...** (2:149)

**مکمل آیت:** تمہارا گزر جس مقام سے بھی ہو ، وہیں سے اپنا رُخ مسجدِ حرام کی طرف پھیر دو ، کیونکہ یہ تمہارے ربّ کا بالکل برحق فیصلہ ہے اور اللہ تم لوگوں کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔ (2:149)

10) **ذکرِ نماز:** **اور جہاں سے بھی تمہارا گزر ہو ، اپنا رُخ مسجدِ حرام ہی کی طرف پھیرا کرو ، اور جہاں بھی تم ہو ، اُسی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو...** (2:150)

**مکمل آیت:** اور جہاں سے بھی تمہارا گزر ہو ، اپنا رُخ مسجدِ حرام ہی کی طرف پھیرا کرو ، اور جہاں بھی تم ہو ، اُسی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو تاکہ لوگوں کو تمہارے خلاف کوئی حُجّت نہ ملے۔ ہاں اُن میں سے جو ظالم ہیں ، اُن کی زبان کسی حال میں بند نہ ہوگی۔ تو اُن سے تم نہ ڈرو ، بلکہ مجھ سے ڈرو۔ اور اس لیے کہ میں تم پر اپنی نعمت پوری کردوں اور اس توقع پر کہ میرے اس حکم کی پیروی سے تم اُسی طرح فلاح کا راستہ پاؤ گے۔ (2:150)

11) **ذکرِ نماز:** **اس طرح کھڑے ہو جیسے فرماں بردار غلام کھڑے ہوتے ہیں** (2:238)

**مکمل آیت:** اپنی نمازوں کی نگہداشت رکھو ، خصوصاً ایسی نماز کی جو بیچ والی ہو۔ اللہ کے آگے اس طرح کھڑے ہو۔ جیسے فرماں بردار غلام کھڑے ہوتے ہیں۔ (2:238)

12) **ذکرِ نماز:** **اپنی نماز نہ بہت زیادہ بلند آواز سے پڑھو اور نہ بہت پست آواز سے ، ان دونوں کے درمیان اَوسط درجے کا لہجہ اختیار کرو۔** (17:110)

**مکمل آیت:** اے نبی ﷺ ! ان سے کہو : '' اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر ، جس نام سے بھی پکارو اس کے لیے سب اچھے ہی نام ہیں۔ '' اور اپنی نماز نہ بہت زیادہ بلند آواز سے پڑھو اور نہ بہت پست آواز سے ، ان دونوں کے درمیان اَوسط درجے کا لہجہ اختیار کرو۔ (17:110)

13) **ذکرِ نماز:** **(اس آیت کا موضوع تو کچھ اور ہے لیکن اس میں امامت کا بھی ذکر ہے۔)** (4:102)

**مکمل آیت:** اور اے نبی ﷺ ، جب تم مسلمانوں کے درمیان ہو اور انہیں نماز پڑھانے کھڑے ہو تو چاہیے کہ ان میں سے ایک گروہ تمہارے ساتھ کھڑا ہو اور اپنے اسلحہ لیے رہے ، پھر جب وہ سجدہ کرلے تو پیچھے چلا جائے اور دوسرا گروہ جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی ہے آکر تمہارے ساتھ پڑھے اور وہ بھی چوکنا رہے اور اپنے اسلحہ لیے رہے ، کیونکہ کفار اِس تاک میں ہیں کہ تم


THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

اپنے ہتھیاروں اور اپنے سامان کی طرف سے ذرا غافل ہو تو وہ تم پر یکبارگی ٹوٹ پڑیں۔ البتہ اگر تم بارش کی وجہ سے تکلیف محسوس کرو یا بیمار ہو تو اسلحہ رکھ دینے میں مضائقہ نہیں، مگر پھر بھی چوکنے رہو۔ یقین رکھو کہ اللہ نے کافروں کے لیے رسوا کن عذاب مہیا کر رکھا ہے۔ (4:102)

14) **ذکرِ نماز :** **نماز سے مدد لو** (2:45)

**مکمل آیت:** صبر اور نماز سے مدد لو، بے شک وہ ایک سخت مشکل کام ہے، مگر اُن فرماں بردار بندوں کے لیے مشکل نہیں ہے۔ (2:45)

**نماز کی پابندی**

15) **ذکرِ نماز :** **جب اس (انسان) پر مصیبت آتی ہے تو گھبرا اُٹھتا ہے اور جب اسے خوشحالی نصیب ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے۔ مگر وہ لوگ جو نماز پڑھنے والے ہیں، جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں...** (70:21 -70:23)

**مکمل آیت:** اور جب اسے خوشحالی نصیب ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے۔ (70:21) مگر وہ لوگ جو نماز پڑھنے والے ہیں، (70:22) جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں۔ (70:23)

16) **ذکرِ نماز :** **نماز درحقیقت ایسا (1) فرض ہے جو (2) پابندئ وقت کے ساتھ اہلِ ایمان پر (3) لازم کیا گیا ہے۔** (4:103)

**مکمل آیت:** پھر جب نماز سے فارغ ہو جاؤ تو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے، ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے رہو۔ اور جب اطمینان نصیب ہو جائے تو پوری نماز پڑھو۔ نماز درحقیقت ایسا فرض ہے جو پابندئ وقت کے ساتھ اہلِ ایمان پر لازم کیا گیا ہے۔ (4:103)

17) **ذکرِ نماز :** **جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کی یاد سے اور اقامتِ نماز و ادائے زکوۃ سے غافل نہیں کر دیتی...** (24:37)

**مکمل آیت:** جنہیں تجارت اور خرید و فروخت اللہ کی یاد سے اور اقامتِ نماز و ادائے زکوۃ سے غافل نہیں کر دیتی۔ وہ اُس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں دل الٹنے اور دیدے پتھرا جانے کی نوبت آجائے گی۔ (24:37)

18) **ذکرِ نماز :** **نماز اُس وقت پڑھنی چاہیے جب تم جانو کہ کیا کہہ رہے ہو** (4:43)

**مکمل آیت:** اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، جب تم نشے کی حالت میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ۔ نماز اُس وقت پڑھنی چاہیے جب تم جانو کہ کیا کہہ رہے ہو۔ اور اسی طرح جنابت کی حالت میں بھی نماز کے قریب نہ جاؤ جب تک کہ غُسل نہ کر لو، اِلّا یہ کہ راستہ سے گزرتے ہو۔ اور اگر کبھی ایسا ہو کہ تم بیمار ہو، یا سفر میں ہو، یا تم میں سے کوئی شخص رفع حاجت کر کے آئے، یا تم نے عورتوں سے لمس کیا ہو، اور پھر پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے کام لو اور اس سے اپنے چہروں اور ہاتھوں پر مسح کر لو، بے شک اللہ نرمی سے کام لینے والا اور بخشش فرمانے والا ہے۔ (4:43)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

## نماز کی حفاظت

19) **ذکرِ نماز :** **اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہ لوگ عزّت کے ساتھ جنّت کے باغوں میں رہیں گے۔**(70:35)_(70:34)

**مکمل آیت:** اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ (70:34) یہ لوگ عزّت کے ساتھ جنّت کے باغوں میں رہیں گے۔ (70:35)

20) **ذکرِ نماز :** **یقیناً فلاح پائی... جو اپنی نماز میں خشوع اختیار کرتے ہیں... اپنی نمازوں کی محافظت کرتے ہیں... یہی لوگ وہ وارث ہیں جو میراث میں فردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (23:11) - (23:1)**

**مکمل آیت:** یقیناً فلاح پائی ہے ایمان لانے والوں نے جو اپنی نماز میں خشوع اختیار کرتے ہیں، لغویات سے دور رہتے ہیں۔ زکوٰۃ کے طریقے پر عامل ہوتے ہیں، اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں، سوائے اپنی بیویوں کے اور ان عورتوں کے جو اُن کی ملکِ یمین میں ہوں کہ اُن پر وہ قابلِ ملامت نہیں ہیں، البتہ جو اُس کے علاوہ کچھ اور چاہیں وہی زیادتی کرنیوالے ہیں، اپنی امانتوں اور اپنے عہد و پیمان کا پاس رکھتے ہیں، اور اپنی نمازوں کی محافظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ وہ وارث ہیں۔ جو میراث میں فردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (23:11) - (23:1)

21) **ذکرِ نماز :** **نمازوں کی نگہداشت رکھو**(2:238)

**مکمل آیت:** اپنی نمازوں کی نگہداشت رکھو، خصوصاً ایسی نماز کی جو بیچ والی ہو۔ اللہ کے آگے اس طرح کھڑے ہو۔ جیسے فرماں بردار غلام کھڑے ہوتے ہیں۔ (2:238)

## نماز اللہ کے لیے

22) **ذکرِ نماز :** **اپنے رب کی رضا کے لیے.... نماز قائم کرتے ہیں** (13:22)

**مکمل آیت:** ان کا حال یہ ہوتاہے کہ اپنے رب کی رضا کے لیے صبر سے کام لیتے ہیں، نماز قائم کرتے ہیں، ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے علانیہ اور پوشیدہ خرچ کرتے ہیں، اور برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں آخرت کا گھر انہیں لوگوں کے لیے ہے (13:22)

23) **ذکرِ نماز :** **رب ہی کے لیے نماز** (108:2)

**مکمل آیت:** پس تم اپنے رب ہی کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو (108:2)

24) **ذکرِ نماز:** **...میری نماز... اللہ رب العالمین کے لیے ہے** (6:162)

**مکمل آیت:** کہو یقینا، میری نماز، میرے تمام مراسم عبودیت، میرا جینا اور میرا مرنا، سب کچھ اللہ رب العالمین کے لیے ہے۔ (6:162)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

## نماز اللہ کی یاد کے لئے قائم کریں

25) **ذکرِ نماز:** **میری یاد کے لیے نماز قائم کر**(20:14)

**مکمل آیت:** میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی خدا نہیں ہے، پس تو میری بندگی کر اور میری یاد کے لیے نماز قائم کر۔(20:14)

26) **ذکرِ نماز:** **اللہ کو اُس طریقے سے یاد کرو، جو اس نے تمہیں سکھا دیا ہے، جس سے تم پہلے ناواقف تھے...** (2:239)

**مکمل آیت:** بدامنی کی حالت ہو، تو خواہ پیدل ہو، خواہ سوار، جس طرح ممکن ہو نماز پڑھو۔ اور جب امن میسر آجائے، تو اللہ کو اُس طریقے سے یاد کرو، جو اس نے تمہیں سکھا دیا ہے، جس سے تم پہلے ناواقف تھے۔(2:239)

27) **ذکرِ نماز:** **(اللہ کو یاد کرنے کا طریقہ): اور اپنے رب کو صبح و شام یاد کیا کرو دل ہی دل میں زاری اور خوف کے ساتھ اور زبان سے بھی ہلکی آواز کے ساتھ...** (7:205)

**مکمل آیت:** اور اپنے رب کو صبح و شام یاد کیا کرو دل ہی دل میں زاری اور خوف کے ساتھ اور زبان سے بھی ہلکی آواز کے ساتھ۔ تم اُن لوگوں میں سے نہ ہو جاؤ جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔(7:205)

## گھر والوں کو نماز کی تلقین کرو

28) **ذکرِ نماز:** **اپنے اہل و عیال کو نماز کی تلقین کرو...** (20:132)

**مکمل آیت:** اپنے اہل و عیال کو نماز کی تلقین کرو اور خود بھی اس کے پابند رہو۔ ہم تم سے کوئی رزق نہیں چاہتے، رزق تو ہم ہی تمہیں دے رہے ہیں اور انجام کی بھلائی تقویٰ ہی کے لیے ہے۔(20:132)

29) **ذکرِ نماز:** **وہ اپنے گھر والوں کو نماز... کا حکم دیتا...** (19:55)

**مکمل آیت:** وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے رب کے نزدیک ایک پسندیدہ انسان تھا۔(19:55)

30) **ذکرِ نماز:** **نماز قائم کر... یہ وہ باتیں ہیں جن کی بڑی تاکید کی گئی**(31:17)

**مکمل آیت:** بیٹا، نماز قائم کر، نیکی کا حکم دے، بدی سے منع کر، اور جو مصیبت بھی پڑے اس پر صبر کر۔ یہ وہ باتیں ہیں جن کی بڑی تاکید کی گئی ہے۔(31:17)

31) **ذکرِ نماز:** **...جنہوں نے نماز کو ضائع کیا... پس قریب ہے کہ وہ گمراہی کے انجام سے دوچار ہوں**(19:59)

**مکمل آیت:** پھر ان کے بعد وہ ناخلف لوگ ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشاتِ نفس کی پیروی کی، پس قریب ہے کہ وہ گمراہی کے انجام سے دوچار ہوں۔(19:59)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

32) **ذکرِ نماز :** **تباہی ہے اُن نماز پڑھنے والوں کے لیے جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں۔**(107:4) - (107:5)

**مکمل آیت:** پھر تباہی ہے اُن نماز پڑھنے والوں کے لیے جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں۔(107:4) - (107:5)

33) **ذکرِ نماز:** **نماز قائم کرو، یقیناً نماز فحش اور بُرے کاموں سے روکتی ہے...**(29:45)

**مکمل آیت:** تلاوت کرو اس کتاب کی جو تمہاری طرف وحی کے ذریعہ سے بھیجی گئی ہے اور نماز قائم کرو، یقیناً نماز فحش اور بُرے کاموں سے روکتی ہے۔ اور اللہ کا ذکر اس سے بھی زیادہ بڑی چیز ہے۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔(29:45)

34) **ذکرِ نماز:** **...جو لوگ... نماز قائم کریں... ان کے لیے... خوف اور رنج کا موقع نہیں** (2:277)

**مکمل آیت:** ہاں، جو لوگ ایمان لے آئیں اور نیک عمل کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں اُن کا اجر بے شک ان کے رب کے پاس ہے اور ان کے لیے کسی خوف اور رنج کا موقع نہیں۔(2:277)

35) **ذکرِ نماز:** میں **تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نے نماز قائم رکھی... تو یقین رکھو کہ میں تمہاری بُرائیاں تم سے زائل کردوں گا...** (5:12)

**مکمل آیت:** اللہ نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا تھا۔ اور ان میں بارہ نقیب مقرر کیے تھے اور ان سے کہا تھا کہ "میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نے نماز قائم رکھی اور زکوٰۃ دی اور میرے رسولوں کو مانا اور ان کی مدد کی اور اپنے اللہ کو اچھا قرض دیتے رہے تو یقین رکھو کہ میں تمہاری بُرائیاں تم سے زائل کردوں گا اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، مگر اس کے بعد جس نے تم میں سے کفر کی روش اختیار کی تو درحقیقت وہ سیدھی راہ سے بھٹکا ہوا ہے۔ (5:12)

36) **ذکرِ نماز :** **نماز قائم کرو... امید ہے کہ تم پر رحم کیا جائے گا**(24:56)

**مکمل آیت:** نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو، اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو، امید ہے کہ تم پر رحم کیا جائے گا۔(24:56)

**نمازِ جمعہ**

37) **ذکرِ نماز :** **...جب پکارا جائے نماز کے لیے جمعہ کے دن تو اللہ کے ذِکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔** (62:9)

**مکمل آیت:** اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب پکارا جائے نماز کے لیے جمعہ کے دن تو اللہ کے ذِکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔ (62:9)

38) **ذکرِ نماز :** **پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو...** (62:10)

**مکمل آیت:** پھر جب نماز پوری ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو۔ اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو، شاید کہ تمہیں فلاح نصیب ہو جائے۔(62:10)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

39) **ذکرِ نماز :** **(نماز کے دوران دعا کی جا سکتی ہے اور اللہ سے مکالمہ بھی)** (3:41) - (3:38)

**مکمل آیت:** یہ حال دیکھ کر زکریا نے اپنے ربّ کو پکارا : ''پروردگار ، اپنی قدرت سے مجھے نیک اولاد عطا کر۔ تو ہی دعا سننے والا ہے۔'' جواب میں فرشتوں نے آواز دی ، جب کہ وہ محراب میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا ، کہ : ''اللہ تجھے یحییٰ علیہ السلام کی خوشخبری دیتاہے۔ وہ اللہ کی طرف سے ایک فرمان کی تصدیق کرنے والا بن کر آئے گا ۔ اُس میں سرداری و بزرگی کی شان ہوگی۔ کمال درجہ کا ضابط ہوگا ۔ نبوت سے سرفراز ہوگا اور صالحین میں شمار کیا جائے گا ۔'' زکریا نے کہا ''پروردگار ، بھلا میرے ہاں لڑکا کہاں سے ہوگا؟ میں تو بہت بوڑھا ہو چکاہوں اور میری بیوی بانجھ ہے۔'' جواب ملا : '' ایسا ہی ہوگا ۔ اللہ جو چاہتاہے کرتاہے۔'' عرض کیا ''مالک ، پھر کوئی نشانی میرے لیے مقرر فرما دے ۔'' کہا : '' نشانی یہ ہے کہ تم تین دن تک لوگوں سے اشارہ کے سوا کوئی بات چیت نہ کروگے اس دوران میں اپنے ربّ کو بہت یاد کرنا اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہنا۔'' (3:41) - (3:38)

40) **ذکرِ نماز :** **(عورتیں جماعت کا حصہ ہیں)** (3:43)

**مکمل آیت:** اے مریم علیہا السلام ، اپنے رب کی تابع فرمان بن کر رہ ، اس کے آگے سربسجود ہو ، اور جو بندے اُس کے حضور جھکنے والے ہیں اُن کے ساتھ تو بھی جھک جا ۔ (3:43)

41) **ذکرِ نماز :** **رات کو تہجد پڑھو ، یہ تمہارے لیے فضل ہے ... تمہارا رب تمہیں مقامِ محمود پر فائز کر دے** (17:79)

**مکمل آیت:** اور رات کو تہجد پڑھو ، یہ تمہارے لیے فضل ہے ، بعید نہیں کہ تمہارا رب تمہیں مقامِ محمود پر فائز کردے۔ (17:79)

## اوقاتِ نماز

42) **ذکرِ نماز :** **(ظہر کا ذکر)** (17:78)

**مکمل آیت:** نماز قائم کرو زوالِ آفتاب سے لے کر رات کے اندھیرے تک اور فجر کے قرآن کا بھی التزام کرو ! کیونکہ قرآنِ فجر مشہود ہوتاہے۔ (17:78)

43) **ذکرِ نماز :** **(فجر ، مغرب اور عشاء کا ذکر)** (11:114)

**مکمل آیت:** اور دیکھو ، نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گزرنے پر ۔ درحقیقت نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں ، یہ ایک یاددہانی ہے اُن لوگوں کے لیے جو یاد رکھنے والے ہیں ۔ (11:114)

44) **ذکرِ نماز :** **(عصر کا ذکر)** (2:238)

**مکمل آیت:** اپنی نمازوں کی نگہداشت رکھو ، خصوصاً ایسی نماز کی جو بیچ والی ہو۔ اللہ کے آگے اس طرح کھڑے ہو۔ جیسے فرماں بردار غلام کھڑے ہوتے ہیں۔ (2:238)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org

45) **ذکرِ نماز :** **نمازِ جنازہ کا ذکر** (9:84)

**مکمل آیت:** اور آئندہ ان میں سے جو کوئی مرے اس کی نمازِ جنازہ بھی تم ہر گز نہ پڑھنا اور نہ کبھی اس کی قبر پر کھڑے ہونا کیونکہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ مرے ہیں اس حال میں کہ وہ فاسق تھے۔ (9:84)

**بد امنی کی حالت میں جس طرح ممکن ہو نماز پڑھیں**

46) **ذکرِ نماز :** **بد امنی کی حالت ہو تو . . . جس طرح ممکن ہو نماز پڑھو . . .** (2:239)

**مکمل آیت:** بد امنی کی حالت ہو ، تو خواہ پیدل ہو ، خواہ سوار ، جس طرح ممکن ہو نماز پڑھو۔ اور جب امن میسر آجائے ، تو اللہ کو اُس طریقے سے یاد کرو ، جو اس نے تمہیں سکھا دیا ہے ، جس سے تم پہلے ناواقف تھے۔ (2:239)

47) **ذکرِ نماز :** **نماز میں اختصار کر دو جبکہ تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ستائیں گے . . . جب اطمینان نصیب ہو جائے تو پوری نماز پڑھو . . .** (4:101) - (4:103)

**مکمل آیت:** اور جب تم لوگ سفر کے لیے نکلو تو کوئی مضائقہ نہیں اگر نماز میں اختصار کر دو جبکہ تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ستائیں گے کیونکہ وہ کھلم کھلا تمہاری دشمنی پر تلے ہوئے ہیں۔ اور اے نبی ﷺ ، جب تم مسلمانوں کے درمیان ہو اور انہیں نماز پڑھانے کھڑے ہو تو چاہیے کہ ان میں سے ایک گروہ تمہارے ساتھ کھڑا ہو اور اپنے اسلحہ لیے رہے ، پھر جب وہ سجدہ کرلے تو پیچھے چلا جائے اور دوسرا گروہ جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی ہے آکر تمہارے ساتھ پڑھے اور وہ بھی چوکنا رہے اور اپنے اسلحہ لیے رہے ، کیونکہ کفار اِس تاک میں ہیں کہ تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے سامان کی طرف سے ذرا غافل ہو تو وہ تم پر یکبارگی ٹوٹ پڑیں۔ البتہ اگر تم بارش کی وجہ سے تکلیف محسوس کرو یا بیمار ہو تو اسلحہ رکھ دینے میں مضائقہ نہیں ، مگر پھر بھی چوکنے رہو۔ یقین رکھو کہ اللہ نے کافروں کے لیے رُسوا کن عذاب مہیا کر رکھا ہے۔ پھر جب نماز سے فارغ ہو جاؤ تو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ، ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے رہو۔ اور جب اطمینان نصیب ہو جائے تو پوری نماز پڑھو۔ نماز درحقیقت ایسا فرض ہے جو پابندیٔ وقت کے ساتھ اہلِ ایمان پر لازم کیا گیا ہے۔ (4:101) - (4:103)



THINKING CREATION
www.thinkingcreation.org